
## سبحان الخالق

# كلمة التوحيد فى صدر كل انسان ..!



○ كلمة التوحيد كما صورنا جهاز الكمبيوتر فى صدر انسان

جدة - طلال عطية

كانت المفاجاة مساء تم تصوير صدر احد الاشخاص بجهاز الكمبيوتر الطبى بمستشفى الحرس الوطنى بجدة حيث تجلت قدرة الخالق عز وجل فقد كان التصوير قد رسم بالكمبيوتر القصبة الهوائية والرئة اليسرى من صدر الانسان ليظهر لنا جليا كما هو واضح لها الصورة كلمة التوحيد وعلى اسم خاتم الانبياء سيدنا محمد صلى الله عليه وسلم وصدق الله العظيم فى كتابه العزيز سنريهم اياتنا فى الافاق وفى انفسهم حتى يتبين لهم انه الحق......

هذا المثال يظهر فى صدر كل انسان وسبحان الخالق البارى

ترجمہ - جدہ طلال عطیہ

اس وقت حیرت واستعجاب کی انتہا نہ رہی جب حرس وطنی جدہ کے ہاسپٹل میں کمپیوٹر کے ذریعہ ایک شخص کے سینے کا ایکسرے لیا گیا۔ بے شک یہ تصویر انسان کے سانس کی نالی اور دائیں پھیپھڑے کی ہے جو کمپیوٹر کے ذریعہ لی گئی۔ اس میں کلمہ توحید اور خاتم الانبیاء سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ قدرت کی نشانی اور معجزہ ہے۔

اور اللہ نے سچ فرمایا اپنی پیاری کتاب قرآن عزیز میں۔ ابھی ہم انہیں دکھائیں گے اپنی نشانیاں دنیا بھر میں اور خود ان کی جانوں میں، یہاں تک کہ ان پر کھل جائے گا کہ بے شک وہ حق ہے (سورہ حم سجدہ، نصف آیت ۵۳)
دنیا والوں کے لئے یہ ایک مثال یا نمونہ ہے جو ہر انسان کے سینے سے ظاہر ہے۔ اللہ خالق بارئ کی ذات پاک ہے۔

پیش کیا جارہا ہے...... اُس کے کرم کے بغیر نہ زبان کُھل سکتی ہے اور نہ قلم چل سکتا ہے۔
ماضی میں اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کام ہوا ہے اور اب بھی ہو رہا ہے......

☆ بقول امام سخاوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعض علماء نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء گرامی ایک ہزار تک گنائے ہیں......

☆ بقول ملا علی قاری، علامہ جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے ایک رسالے میں پانچ سو اسماء گرامی کا ذکر کیا ہے......

☆ ابن وحید نے المستوفی میں تین سو اسماء گرامی گنائے ہیں......

☆ علامہ محمد نقی علیہ الرحمتہ نے "الکلام الاوضح" میں بہت سے اسمائے گرامی تحریر فرمائے ہیں۔

☆ پاکستانی فاضل سید آل احمد رضوی (اسلام آباد) نے اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مستقل ایک کتاب لکھی ہے جو چھپ چکی ہے......

☆ اسی طرح احمد حسن صاحب نے بھی اس موضوع پر کام کیا جو شائع ہو چکا ہے......

☆ مولانا محمد عارف صاحب اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پنجاب یونیورسٹی، لاہور سے ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں......

☆ علامہ اقبال حسین شاہ صاحب (سکھر، پاکستان) بھی اسمِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کام کر رہے ہیں۔

اور نہ معلوم کہاں کہاں کام ہو رہا ہو گا......... اور کتنا کچھ ہو چکا ہو گا.........
جوں جوں زمانہ گزرتا جاتا ہے سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نامِ نامی بلند سے بلند تر ہوتا جاتا ہے ہاں ؎

وَ رَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے تیرا، ذکر ہے اونچا تیرا

فاضل مؤلف مولانا نعیم احمد البرکاتی زید مجدہٗ نے محنت و جانفشانی سے مواد جمع کیا

موئے مبارک اپنے عمامہ میں رکھتے تھے اور جب ایک جنگ میں لڑتے ہوئے یہ عمامہ گر گیا تو شدید جنگ کر کے جب تک عمامہ کو حاصل نہ کر لیا چین نہ آیا...... حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کانوں کی لو تک بال رکھتے تھے جب حج کے موقعہ پر آپ نے حلق کرایا تو بے شمار تقسیم کئے گئے...... محبت والوں نے ایک ایک بال جان سے لگا کر رکھا...... حُسنِ اتفاق کہ دو روز قبل ہی ۲۰ شوال المکرم (۲۴ اپریل ۱۹۹۲ء) یوم جمعۃ المبارک کو موئے مبارک کی زیارت نصیب ہوئی...... تعظیم و تکریم کے حوالے سے فقیر موئے مبارک کی زیارت کا اِجمالی ذکر کرتا ہے......

یہاں سکھر (سندھ' پاکستان) سے تھوڑی دور دریائے سندھ کے اس طرف شہر روہڑی میں دریا کے کنارے ایک قدیم مسجد ہے جو ۹۹۲ھ میں تعمیر ہوئی یعنی آج سے چار سو برس قبل...... اس مسجد سے متصل جنوبی سمت بلند و بالا ایک چوکور عمارت ہے جس پر بڑا سا گنبد ہے...... یہاں حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کا موئے مبارک رکھا ہوا ہے جو حضرت امِ سلمہ بنت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس محفوظ تھا۔ پھر حجاز اور ترکی سے ہوتا ہوا سندھ پہنچا...... فقیر ۲۰ شوال المکرم جمعہ کے دن چند احباب کے ساتھ صبح دس بجے اس عظیم یادگار' دلوں کی بہار کی زیارت کے لئے چند احباب کے ساتھ حاضر ہوا...... متولی نے درمیانی دروازے کا قفل کھولا' اندر داخل ہوا پیچھے پیچھے ہم لوگ داخل ہوئے...... متولی اور اندر چلا گیا ہم گنبد کے نیچے کھڑے اس مقدس مقام کا نظارہ کرتے رہے...... گنبد کے نیچے بیچوں بیچ ایک چبوترہ ہے جس کے چاروں طرف کٹہرا ہے...... بیچ میں تقریباً دس فٹ اونچا لکڑی کا ایک حجرہ سا ہے جس کے تین اطراف بڑے بڑے شیشے لگے ہوئے ہیں' گویا اس کی دیواریں شیشے کی ہیں اوپر لکڑی کا ایک چھوٹا سا گنبد ہے...... یہ سب کچھ ہم دیکھ ہی رہے تھے کہ اچانک متولی درود پڑھتے ہوئے ہاتھوں میں ایک بڑی گٹھڑی اٹھائے اندر سے برآمد ہوئے...... پھر خراماں خراماں اس حجرے میں داخل ہوئے' ادب سے بیٹھ گئے گٹھڑی آگے رکھی پھر اس کو کھولنا شروع کیا' ہماری آنکھیں لگی ہوئی تھیں' ہم باہر سے اندر کا نظارہ کر رہے

تھے...... متولی نے پہلا ریشمی غلاف ہٹایا' پھر ایک ایک کر کے ریشمی اور مخملی غلاف ہٹانے شروع کئے...... ایک غلاف ہٹایا پھر دوسرا اس کے بعد تیسرا...... پھر چوتھا اس کے بعد پانچواں...... درود کا ورد جاری ہے' نگاہیں لگی ہیں...... پھر چھٹا غلاف ہٹایا اس کے بعد ساتواں...... ہاں منزل قریب آ گئی آٹھواں غلاف ہٹایا تو سونے کی ایک صندوقچی نظر آئی...... اب متولی نے ہاتھوں پر سفید نئے لٹھے کا رومال لپیٹا کہ یہ گناہ گار ہاتھ اس لائق نہ تھے کہ موئے مبارک کو چھو سکیں...... متولی نے کپڑے سے اپنے منہ کو بھی ڈھک لیا کہ یہ کار منہ اس قابل نہیں کہ اس سے نکلنے والا سانس موئے مبارک کو مس کر سکے...... صندوقچی کھولی اس کے اندر ایک سونے کا ڈھکن تھا' وہ اٹھایا تو عطر کی ایک شیشی سی نظر آئی مگر یہ ایک چھوٹا سا جڑاؤ سونے سٹینڈ تھا جس کے اوپر شاید موم لگا ہوا تھا اس کے اندر موئے مبارک چسپاں تھا...... متولی نے یہ اٹھایا اور درود پڑھتے ہوئے چاروں طرف گھمایا' مشتاق آنکھوں نے مضطربانہ نظارہ کیا۔ اللہ اللہ ؎

وہ سامنے ہیں حضرت سلطان مدینہ

پھر متولی نے ہاتھ سے کپڑا کھولا موئے مبارک کے نچلے غلاف سے گلاب کی پتیاں اٹھائیں اس کپڑے میں ایک کونے میں باندھ دیں اور یہ رومال فقیر کو عطا فرمایا...... پھر ایک ایک کر کے سب رفیقوں پر کرم کیا اور رومال عطا کئے...... دو تین بار زیارت کرائی پھر درود پڑھتے ہوئے ایک ایک غلاف کو لپیٹا' سر پر اٹھایا اور تعظیم و تکریم کے ساتھ اس موئے مبارک کو اندر جا کر رکھ دیا...... آپ نے ملاحظہ فرمایا...... یہ تعظیم و تکریم سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک کی تھی...... ہاں محبت و عشق میں ساری بہار نسبتوں کی ہے...... جس نے عشق و محبت کی مٹھاس نہیں چکھی وہ اس راز کو پا نہیں سکتا وہ اس بھید کو سمجھ نہیں سکتا...... جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دل دے دیا وہ سب کچھ پا گیا وہ سب کچھ سمجھ گیا...... اللہ اللہ! نام نامی احمد و محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیسا پر بہار ہے اور اس بہار کی باتیں کیسی جاں نواز ہیں، قلم رکتا ہی نہیں' دل مانتا ہی نہیں' چلتا چلا جاتا ہے...... مصطفےٰ صلی

